A

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

710

## പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2019 - 20

ക്ലാസ് : 7 ഉർദു സമയം : 2 മണിക്കൂർ

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- തന്നിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- അഞ്ചാമത്തെ പ്രവർത്തനത്തിന് നിർബന്ധമായും ഉത്തരം എഴുതിയിരിക്കണം.

---

سرگرمی ۱

آج خالہ جان کی بیٹی کی شادی ہے۔ روبن اس کی دادی ماں کے ساتھ شادی گھر پہنچا۔ شادی گھر خوب سجایا گیا ہے۔ لوگ شربت پی رہے ہیں۔

A شادی سے تعلق رکھنے والے چار الفاظ لکھیے۔

B بچو، ان الفاظ کی مدد سے شادی کے بارے میں چار جملے لکھیے۔

جیسے : شادی گھر سجایا ہے۔

سرگرمی ۲

شادی گھر کے آنگن میں ایک خوب صورت اسٹیج (Stage) سجایا ہے۔ مہمان لوگ دلہا دلہن کی تصویر کھینچ رہے ہیں۔ اسٹیج پر دو لڑکیاں میٹھی اور سریلی آواز میں گیت گا رہی ہیں۔

آؤ آؤ باغ میں جائیں　　　باغ میں جائیں جی بہلائیں

چل کر دیکھیں پھول رنگیلے　　　پھول رنگیلے نیلے پیلے

اچھے اچھے پیارے پیارے　　　جیسے ہوں آکاش میں تارے

باغ کی کیاری کیاری دیکھیں　　　کلیاں پیاری پیاری دیکھیں

A بچو، یہ اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے دو ہم آواز الفاظ چن کر لکھیے۔

B شاعر ان اشعار میں باغ کے بارے میں کیا کہہ رہے ہیں؟
باغ کی خوب صورتی کے بارے میں چار جملے لکھیے۔

## سرگرمی ۳

شام کو روہن گھر والوں کے ساتھ اپنا گھر لوٹ رہا تھا۔ راستے میں اس کا دوست ساجن سے ملا۔ دونوں باتیں کرنے لگے۔

ساجن : روہن، تم کہاں سے آ رہے ہو؟
روہن : ..........................................
ساجن : ..........................................

A روہن اور ساجن کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

B بچّو، خالہ جان ایک رشتہ دار ہے۔ اسی طرح اور دو رشتہ داروں کے نام لکھیے۔

## سرگرمی ۴

روہن دادی ماں کے ساتھ گھر پہنچا۔ چائے پینے کے بعد روہن ابا کے ساتھ میدان گیا۔ میدان میں فٹ بال کا میچ چل رہا تھا۔ روہن ابا کے ساتھ فٹ بال دیکھنے لگا۔

A بچّو، آپ کیا کیا کھیل کھیلتے ہیں؟ چار کھیلوں کے نام لکھیے۔

B پسندیدہ کھیل کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی ۵

رات میں روہن ایک کہانی پڑھ رہا تھا۔

رحیم چاچا ایک محنتی کسان تھا۔ اس کے گھر میں دو بکریاں تھیں۔ ایک کا رنگ کالا اور دوسرے کا سفید۔ رضیہ رحیم کی بیٹی تھی۔ وہ ہر دن اپنی بکریوں کو

گھاس چراتی تھی۔ ایک دن رحیم چاچا بازار سے دو بیلوں کو لے آیا۔ بیلوں کو دیکھ کر رضیہ بہت خوش ہوئی۔ ......

بچّو، کہانی غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

A رحیم چاچا کون تھا؟

B رحیم کے گھر میں کتنی بکریاں تھیں؟

C رضیہ ہر دن کیا کرتی تھی؟

D رضیہ کیوں خوش ہوئی؟

## سرگرمی ۶

اتنے میں امی نے بھائی جان کا خط لے کر روہن کو دیا۔ وہ خط کھول کر پڑھنے لگا۔

A بچّو، خط سے تعلق رکھنے والے چار الفاظ لکھیے۔

B دور دور تک خبریں پہنچانے کے لیے ہم کیا کیا طریقے استعمال کرتے ہیں؟ دو طریقے لکھیے۔

جیسے : واٹس آپ (Whatsapp) ................

C بچّو، خط کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ چار جملے لکھیے۔